نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز و فارم میکانائزیشن پروگرام قابلِ ستائش

اس پروگرام سے زرعی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ یقینی ہوگا۔ٹریکٹرز مینوفیکچررز

لاہور:**05اپریل2025**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ٹریکٹر مینوفیکچرنگ انڈسٹری کے عہدداران کی میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ صوبہ میں فارم میکانائزیشن کو عملی جامہ پہنانے کیلئے تمام ممکنہ وسائل و ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔فارم میکانائزیشن میں ٹریکٹرز کا بنیادی کردار ہے۔

اس موقع پر ٹریکٹر انڈسٹری کے نمائندوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کو سراہا۔انھوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ کئی سالوں سے ٹریکٹر انڈسٹری بحران کا شکار تھی۔گرین ٹریکٹر پروگرام سے قبل معاشی دباؤ کی وجہ سے ٹریکٹر انڈسٹری کی استعدادِ کار میں واضح کمی واقع ہوئی۔موجودہ حکومت کے گرین ٹریکٹرز پروگرام سے کافی حد تک بحران سے نکلنے میں مدد ملی۔گرین ٹریکٹر پروگرام کی بدولت زرعی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت مقامی ٹریکٹر انڈسٹری کو سپورٹ ملی۔عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق ایگری میکانائزیشن ناگزیر ہو چکی ہے۔ گرین ٹریکٹر پروگرام فارم میکانائزیشن کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ٹریکٹر ساز انڈسٹری کے نمائندوں نے مزید کہا کہ میکانائزیشن کے لئے طویل المدتی حکمت عملی مرتب کرنی چاہیے۔انھوں نے صوبہ پنجاب میں فارم میکانائزیشن کے فروغ کیلئے عملی کردار ادا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔اجلاس میں ٹریکٹر انڈسٹری نمائندگان نے حکومت پنجاب کو گرین ٹریکٹر پروگرام کا دائرہ کار وسیع کرنے اور جاری رکھنے بارے تجاویز پیش کیں۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پرائیویٹ سیکٹر صوبہ میں فارم میکانائزیشن کے فروغ کے لئے محکمہ زراعت پنجاب کے ساتھ تعاون کرے۔وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام فارم میکانائزیشن کے فروغ میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ انڈسٹری بین الاقوامی تعاون سے ہارویسٹرز، ٹرانسپلانٹرز اور ہائی ٹیک مشینری کی مقامی سطح پر تیاری کے لئے اقدامات کرے۔اس ضمن میں حکومت پنجاب ہر ممکن تعاون اور سپورٹ فراہم کرے گی

☆☆☆☆